ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار کی امریکی معاون نائب وزیر خارجہ سے ملاقات

اسلام آباد۔۔۔6مئی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے امریکی معاون نائب وزیر خارجہ JOHN A GESTRIGHT سے ملاقات کی ۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت بھی موجود تھیں۔ملاقات میں پاک امریکہ تعلقات، پاکستان میں جمہوریت کے استحکام، ملک کی سیاسی و معاشی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ امریکہ کی طرف سے پاکستان میں جاری معاشی وسماجی منصوبوں پر اس طرح عمل درآمد کرایا جائے کہ جس سے دونوں ممالک کے عوام میں ربط وتعاون میں اضافہ ہوسکے تاکہ پاک امریکہ تعلقات کو مزید مضبوط اور مستحکم بنایا جاسکے۔

خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز

کراچی، حیدرآباد اور اندرون سندھ میں قائم مراکز پر ہزاروں بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے گئے

کراچی۔۔۔6مئی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام آج انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم کا کراچی سمیت سندھ بھر میں باقاعدہ آغاز کردیا گیا ہے اور انسداد پولیو مہم کے پہلے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز پر ہزاروں بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے گئے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم 7اور 8مئی کو بھی جاری رہے گی اور اس سلسلے میں کراچی میں نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال فیڈرل بی ایریا، خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال پاک کالونی، شہر کے مختلف علاقوں میں قائم خورشید بیگم فلاحی ڈسپنسریوں جبکہ حیدرآباد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ذیلی شاخ اور مختلف مقامات پر قائم مراکز پر بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلوانے کیلئے خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں۔انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت اندرون سندھ کے مختلف علاقوں میں بھی فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کی مختلف ٹیموں نے گھر گھر جاکر بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے اور والدین کو پولیو کے مرض سے بچاؤ کیلئے حفاظتی اقدامات سے آگاہ کیا۔

لیاقت آباد ٹاؤن کی حق پرست کونسلر اور ملیر سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6مئی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لیاقت آباد ٹاؤن یوسی 4 کی حق پرست کونسلر محترمہ ملکہ مسرور کے شوہر محمد مستقیم اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن سجاد کی اہلیہ محترمہ تارا بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆